صرف احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

ہفتہ 7 نومبر 2015ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

ہفتہ 7 نومبر 2015ء 24 محرم 1437 ہجری 7 نبوت 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 252

قراءت کے ذریعہ پہچانتا ہوں

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

جب رات ہوتی ہے تو میں اپنے اشعری صحابہ کی آوازوں کو ان کی قراءت سے پہچان لیتا ہوں اور رات کو ان کی تلاوت قرآن کی آوازوں کے ذریعہ ان کے مکانات کی شناخت کر لیتا ہوں خواہ میں نے دن کے وقت ان کے مکانات نہ بھی دیکھے ہوں۔

(بخاری کتاب المغازی باب غزوۃ خیبر۔ حدیث نمبر 3906)

اخلاق عالیہ رفقاء حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

مولوی غلام حسن صاحب حضرت مسیح موعود کے ایک پرانے اور مخلص خادم لاہور میں تھے۔ اگرچہ ان کی عمر ستر سال کے قریب تھی مگر جوش ان کے اندر جوانوں سے بھی زیادہ تھا۔ ان کی یہ حالت تھی کہ اگر ان سے کوئی کہہ دے کہ میں قرآن شریف یا حدیث یا عربی پڑھنا چاہتا ہوں تو خواہ اس کا مکان چار میل دور ہو۔ بلا ایک پیسہ معاوضہ لئے بلا ناغہ اس کے مکان پر پہنچ جاتے تھے۔

(الفضل 25 دسمبر 1930ء ص 5)

مکرم عبدالشکور اسلم صاحب لکھتے ہیں کہ مجھے اپنے تایا جان حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب کے ساتھ 54-1953ء میں 6 ماہ کے قریب رہنے کا موقع ملا۔ میں اس وقت میٹرک کا طالبعلم تھا۔

جس چیز نے مجھے سب سے زیادہ متاثر کیا اور جس کا میری آئندہ زندگی پر بہت اثر پڑا۔ وہ حضرت ڈاکٹر صاحب کا قرآن مجید سے عشق تھا۔ ہمارے دن کا آغاز کچھ اس طرح ہوتا کہ اندازاً ساڑھے تین بجے صبح حضرت تایا جان مجھے جگا دیتے۔ اس عرصہ میں وہ خود حوائج ضروریہ اور وضو سے فارغ ہو چکے ہوتے۔ نیم گرم پانی مجھے تیار ملتا۔ اس وقت میرا کام یہ ہوتا کہ میں بھی حوائج ضروریہ سے فارغ ہو کر اور وضو کر کے ان کے ساتھ تہجد میں شامل ہو جاؤں۔ ان کی یہ بڑی خواہش ہوتی تھی کہ میں ان کے ساتھ تہجد میں باقاعدگی سے شامل ہوں۔ میرا نوعمری کا عالم تھا اس لئے نیند کا غلبہ قدرتی امر تھا۔ بہرحال ان کی محبت اور شفقت نے مجھے اس قابل بنا دیا کہ میں ان کے ساتھ تہجد میں شامل ہونے لگا۔

نماز تہجد کے بعد نماز فجر کی تیاری شروع ہو جاتی۔ سنتوں کی ادائیگی کے بعد باجماعت نماز فجر ادا کرتے۔ اس کے بعد قرآن مجید کا دور شروع ہو جاتا۔ حضرت تایا جان مجھے قرآن کریم کی تفسیر بتاتے اور سمجھاتے کہ قرآن مجید کی ایک آیت سے دوسری آیت کا کس طرح تعلق ہوتا ہے اور اس سے کس طرح مضمون اخذ کیا جاتا ہے۔ اس غرض کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی تفسیر کا حوالہ دینا، بزرگوں کی تفاسیر کا ذکر کرنا اور پھر اپنا نقطہ نظر بیان کرنے کا طریق کار تھا۔ حضرت تایا جان بڑے دلچسپ مضامین بیان کرتے جس سے ان کی قرآن مجید سے گہری وابستگی کا پتہ چلتا۔ قرآن مجید کی پیشگوئیاں اور قرآن مجید کے مختلف مضامین بیان کرنا ان کا محبوب مشغلہ تھا۔ اس کا ثبوت اس بات سے بھی ملتا ہے کہ جب میں ملازمت کے سلسلے میں ربوہ سے باہر چلا گیا تو بذریعہ خطوط مجھے بعض تازہ مضامین بتاتے اور اس بات کا اظہار شدت سے کرتے کہ جب تم ربوہ آؤ تو بجائے اپنے والدین کے گھر جانے کے سیدھے میرے پاس آؤ۔ اس عرصہ میں جو نئے مضامین سامنے آئے ہوں ان کو نوٹ کر لو اور پھر اپنے گھر جاؤ۔

اس بات کا بھی خیال رکھتے تھے کہ میں علماء کے درسوں میں شامل ہوں اور جو نئے نکات بیان ہوں ان کا ذکر بھی کروں۔ چنانچہ ہر رمضان میں بیت مبارک ربوہ میں قرآن مجید کا درس ہوتا تھا۔ ان درسوں میں شامل ہونا اور ان کا تذکرہ کرنا بھی ضروری تھا۔

(ایاز محمود ص 432)

نماز خطاؤں کو معاف کرواتی ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں۔

”نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد یہ ہے کہ ہر نماز پہلی نماز اور اپنے درمیان کے وقفہ (میں سرزد ہونے والی خطاؤں کو معاف کرواتی ہے) اس درمیانی وقفہ میں جہاں نماز کی عبادت کے علاوہ دوسری ذمہ داریاں انسان نباہتا ہے۔ ان میں کوئی ایسا وقفہ نہیں جو دو نمازوں کے درمیان نہ ہو۔ صبح کی نماز اور ظہر کے درمیان، ظہر اور عصر کے درمیان، عصر اور مغرب کے درمیان، مغرب اور عشاء کے درمیان، عشاء اور صبح کی نماز کے درمیان، یہی ہماری زندگی ہے۔“

(خطبات ناصر جلد 5 صفحہ 675)

دو نفلوں کی تحریک

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے 3 دسمبر 2010ء کے خطبہ جمعہ میں احمدی احباب کو روزانہ دو نوافل ادا کرنے کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا:۔

پس ان حالات میں دنیا بھر کی جماعتوں کے تمام افراد کو میں خاص طور پر اپنے مظلوم اور تکلیف اور مشکلات میں گرفتار بھائیوں کے لئے دعاؤں کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں کم از کم دو نفل روزانہ صرف ان لوگوں کیلئے ہر احمدی ادا کرے جو احمدیت کی وجہ سے کسی بھی قسم کی تکلیف میں مبتلا ہیں۔ جو ظالمانہ قوانین کی وجہ سے اپنی شہری اور مذہبی آزادیوں سے محروم کر دیئے گئے ہیں۔ اسی طرح جماعتی ترقی کے لئے بھی خاص طور پر دعائیں کریں۔ پس اگر ہر احمدی اپنے دل کی بے چینی کو خدا تعالیٰ کے حضور پہلے سے بڑھ کر پیش کرے گا تو خود مشاہدہ کرے گا کہ اللہ تعالیٰ کے پیار کی نظر اس پر کس طرح پڑ رہی ہے پہلے سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ ان کو اپنے حصار میں لے لے گا۔

(روزنامہ الفضل 18 جنوری 2011ء)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

خطبات امام وقت سوال وجواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ2013ء

خطبہ جمعہ 25 ستمبر 2015ء

س: حضورانورنے عبادت میں شوق پیدا کرنے کا کیا طریق بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! بندے کا کام یہ ہے کہ مستقل مزاجی سے کوشش کرتا رہے۔ اس ایمان پر قائم ہو کہ جو کچھ ملنا ہے خدا تعالیٰ سے ہی ملنا ہے۔ تب ہی وہ کیفیت پیدا ہوسکتی ہے جو خدا تعالیٰ کے قریب کرتی ہے اور پھر عبادت کے شوق کو بڑھاتی ہے۔ ایک دفعہ حضرت مسیح موعود سے بھی کسی نے پوچھا کہ عبادت میں شوق کس طرح پیدا ہوتا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اعمال صالحہ اور عبادت میں ذوق وشوق اپنی طرف سے نہیں ہوسکتا۔ خود انسان کہے کہ میرے اندر پیدا ہوجائے میں خود اپنی کوشش سے پیدا کرلوں۔ یہ نہیں ہوسکتا۔ یہ خدا تعالیٰ کے فضل اور توفیق پر ملتا ہے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ انسان گھبرائے نہیں اور خدا تعالیٰ سے اس کی توفیق اور فضل کے واسطے دعائیں کرتا رہے۔ تھک کے بیٹھ نہ جائے بلکہ مستقل دعائیں کرتا رہے اور ان دعاؤں میں تھک نہ جائے۔ جب انسان اس طرح پر مستقل مزاج ہو کر لگا رہتا ہے تو آخر خدا تعالیٰ اپنے فضل سے وہ بات پیدا کر دیتا ہے جس کیلئے اس کے دل میں تڑپ اور بے قراری ہوتی ہے یعنی عبادت کے لئے ایک ذوق وشوق اور حلاوت پیدا ہونے لگتی ہے۔ ایک مٹھاس اسے حاصل ہونی شروع ہو جاتی ہے ایک مزہ آنے لگ جاتا ہے۔

س: حضور انور نے مجاہدہ اور سعی نہ کرنے کے کیا نقصانات بیان فرمائے؟

ج: فرمایا! اگر کوئی شخص مجاہدہ اور سعی نہ کرے اور وہ یہ سمجھ لے کہ پھونک مار کر اللہ تعالیٰ کے قریب ہو جائے گا یا عبادت کا شوق پیدا ہو جائے گا یا کسی کے قریب چلا جائے تو وہ انسان اسے پھونک مار کر عابد بنادے گا یہ نہیں ہوسکتا۔ فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا قاعدہ اور سنت نہیں ہے۔ اسی طریق پر جو شخص اللہ تعالیٰ کو آزماتا ہے۔ وہ خدا تعالیٰ سے ہنسی کرتا ہے آخر نتیجہ کیا ہوتا ہے۔ مارا جاتا ہے خدا سے دور ہو جاتا ہے۔

س: حضور انور نے خدا کے فضل کے حصول کا کیا طریق بتایا؟

ج: فرمایا! ہر وقت اس کے فضل کیلئے دعا کرتے رہو اور اس کی استعانت چاہو اس سے مدد مانگو کہ صراط مستقیم پر تمہیں قائم رکھے۔

س: حضور انور نے استغفار کی کیا برکات بیان فرمائیں؟

ج: فرمایا! جو شخص خدا تعالیٰ سے بے نیاز ہوتا ہے وہ شیطان ہو جاتا ہے جہاں اللہ تعالیٰ سے بے نیاز ہوئے اللہ تعالیٰ کو چھوڑا اللہ تعالیٰ کو بھولے وہیں سے شیطان نے حملہ کیا اور شیطان ہو گئے۔ فرمایا کہ اس کے لئے ضروری ہے کہ انسان استغفار کرتا رہے تا کہ وہ زہر اور جوش پیدا نہ ہو جو انسان کو ہلاک کر دیتا ہے۔ استغفار اس کا علاج ہے کہ استغفار کرو تا کہ اس زہر سے بچو جو شیطان کے قریب کرتا ہے اور انسان کو ہلاک کر دیتا ہے۔

س: حضرت مسیح موعود نے شیطان کے حملوں سے محفوظ رہنے کے لئے کیا طریق بیان فرمایا:

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ شیطان کے حملوں سے بچنے کے لئے استغفار کرنا بہت ضروری ہے۔ استغفار کر کے جب شیطان کو اپنے سے دور بھگائے گا انسان تو پھر اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آنے کے لئے تڑپ کر دعا بھی کرے گا۔ استغفار بھی تڑپ کر ہو رہی ہو گی اور مزید ترقی کرنے کے لئے اس کے قرب کے راستے تلاش کرنے کی دعا بھی ہو رہی ہو گی۔ جب ایسی حالت انسان کی ہو جائے یہ کیفیت طاری ہو جائے پھر خدا تعالیٰ اپنا فضل فرماتا ہے۔

☆☆☆☆☆

ریٹائرمنٹ آرڈر واپس لے لیا

انجینئر محمود مجیب اصغر صاحب تحریر کرتے ہیں:

”میرا تمام Career حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی دعاؤں کا مرہون منت ہے۔ ابھی مارچ 2003ء کی بات ہے 25 سالہ نوکری کے اصول پر مجھے زبردستی ریٹائر کر دیا گیا اور 11 مارچ کو اس سلسلہ میں مجھے ہیڈ آفس سے فیکس موصول ہوئی کہ میں آج شام سے ریٹائر ہوں۔ میں نے الحمدللہ پڑھا اور حضور کو دعا کے لئے خط لکھا جو 12 مارچ کو پوسٹ کیا گیا۔ ساتھ ہی 12 مارچ کو میں نے کمپنی کے مینیجنگ ڈائریکٹر کے نام ایک اپیل دائر کی کہ میں جس کام پر لگا ہوا ہوں وہاں میری کم از کم نومبر 2003ء تک تو ضرورت ہے۔ خدا کی شان کہ ادھر 19 مارچ کو حضور کے دفتر کی طرف سے خط آیا کہ حضور نے آپ کی ملازمت کے بحال ہونے اور بابرکت ہونے کے لئے دعا کی ہے۔

ادھر اسی تاریخ میں 19 مارچ کو ہی کمپنی کا Fax آیا کہ انہوں نے ریٹائرمنٹ آرڈر واپس لے لیا ہے“

(روزنامہ الفضل 24 مئی 2003ء)

مردے ہوں جس سے زندہ وہ ہے کلام تیرا

ہے نام یا محمدؐ خیرالانام تیرا
محبوب کبریا ہو جو ہو غلام تیرا
شمس الضحیٰ تو ہی ہے بدرالدجیٰ تو ہی ہے
جاری ہے رات اور دن اک فیض عام تیرا
تو فخر اولیں ہے سرتاجِ آخریں ہے
باقی ہے تا قیامت وعظ و پیام تیرا
ہر آن وحیِ حق سے کی تو نے لب کشائی
مردے ہوں جس سے زندہ وہ ہے کلام تیرا
اَوجِ کمال تیرا وہم و گماں سے برتر
ہر لحظہ راہِ حق میں ہے تیز گام تیرا
سب نعمتیں ہیں مضمر اک تیری پیروی میں
اللہ کس قدر ہے عالی مقام تیرا

پھر منعقد ہوا ہے دربار عام تیرا
جاری ہوا ہے پھر سے دنیا میں کام تیرا
آخر زماں کا نقشہ اخبار میں تھا جو کچھ
ہو کر رہا ہے پورا سارا کلام تیرا
شان و شکوہ تیری پھر ہو گئی دوبالا
امدادِ دینِ حق کو پہنچا غلام تیرا
حلقہ بگوش اس کے یعنی غلام تیرے
پھیلا رہے ہیں ہر سُو عالم میں نام تیرا

اک جوش سرمدی ہے یا کیف بیخودی ہے
پھر محفل جہاں میں ہے دور جام تیرا
تو سرورِ جہاں ہے اور دلبرِ زماں ہے
ہر اک پہ ضوفشاں ہے حسن تمام تیرا
تو اپنی جانِ جاں ہے تجھ سا کوئی کہاں ہے
تو بحرِ بیکراں ہے میں تشنہ کام تیرا
مظہؔر کی یہ دعا ہے ہر لحظہ التجا ہے
ہو دردِ عشق یا رب دل میں مدام تیرا

شیخ محمد احمد مظہر

دشمن کی ناکہ بندی کی تدبیر اور آنحضرت ﷺ

حضرت مولوی شیر علی صاحب

آنحضرت ﷺ کی جنگوں کے متعلق ایک بہت بڑا اعتراض جو عیسائی صاحبان کی طرف سے کیا گیا وہ یہ ہے کہ آپ قریش کے ان قافلوں کی جو شام کی طرف تجارت کے لئے جاتے تھے یا شام سے واپس آتے تھے روک تھام کرتے تھے اور اسی بناء پر عیسائی صاحبان آنحضرت ﷺ کی گستاخی کرتے ہیں۔

اس اعتراض کو عیسائی صاحبان کی ان کتابوں میں جو اسلام کے خلاف لکھی گئی ہیں۔ بہت نمایاں کر کے پیش کیا گیا ہے اور اس طرح آنحضرت ﷺ کو دنیا کے سامنے برے رنگ میں ظاہر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ لیکن خدا تعالیٰ کی قدرت نے خود ان کے اپنے ہاتھوں ان کے اس اعتراض کا جواب دلوا دیا۔ تمام دنیا جانتی ہے کہ گزشتہ جنگ عظیم کے دوران میں اور موجودہ جنگ میں بھی کس طرح وہ قوم جو کسی دوسری قوم کے ساتھ برسرپیکار ہے۔ اس بات کی کوشش کر رہی ہے کہ دشمن کے ملک میں کوئی چیز کھانے پینے کی ہو یا سامان جنگ میں سے، داخل نہ ہونے پائے اور یہ ایک ایسا طریق ہے جس کو آج دنیا کی کوئی مہذب قوم قابل اعتراض نہیں سمجھتی۔ بلکہ ایک ضروری اور نہایت اہم تدبیر جنگ خیال کرتی ہے۔ کیونکہ یہ ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے دشمن جلد اس بات پر مجبور ہو جاتا ہے کہ وہ جنگ کو ختم کر دے اور صلح پر آمادہ ہو کیونکہ جب باہر سے ضروری اشیاء خوردنی موصول نہیں ہوتیں اور ان کے اپنے ملک کے ذرائع ان کے گزارے کے لئے کافی نہیں ہوتے یا جب اس سامان کا ذخیرہ جو جنگ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ختم ہو جاتا ہے اور باہر سے نیا سامان نہیں پہنچتا۔ تو وہ قوم مجبور ہو جاتی ہے کہ ہتھیار ڈال دے۔ پس باہر سے دشمن کے ملک میں تجارتی سامان یا ایسا سامان جو جنگ کی ضروریات کے لئے کام آتا ہے جب آنا بند ہو جاتا ہے تو دشمن کے لئے سوائے ہتھیار ڈال دینے کے کوئی راستہ کھلا نہیں رہتا۔

یہی وجہ ہے کہ ہر ایک قوم کوشش کرتی ہے کہ دشمن کے تجارتی جہازوں کو اور باہر سے ہر ایک قسم کا سامان لانے والی کشتیوں کو سمندر میں غرق کر دے تا کہ دشمن جنگ کو ختم کرنے اور صلح کا پیغام بھیجنے کے لئے مجبور ہو جائے۔

آج جب انگریز جرمنی کے تجارتی جہازوں کو سمندر کے راستوں میں غرق کر دیتے ہیں۔ یا ان کا مال اپنے قبضہ میں لا کر اپنے ملک میں پہنچاتے ہیں تو کوئی مہذب قوم ان کا نام ڈاکو اور قزاق نہیں رکھتی۔ خود جرمن بھی جن کے جہاز راستہ میں تباہ کئے جاتے ہیں۔ یا ان کا مال واسباب لوٹ لیا جاتا ہے۔ انگریزوں کو ڈاکو قرار نہیں دیتے۔

اسی طرح جب جرمن کسی انگریزی جہاز پر قابو پاتے ہیں اور اس کو تباہ کر دیتے ہیں یا اس کے مال و اسباب کو چھین لیتے ہیں۔ تو کوئی قوم جرمنوں کا نام ان کے اس فعل کی وجہ سے ڈاکو اور لٹیرا نہیں رکھتی۔

پس دشمن کو جنگ سے روکنے کی یہ ایک نہایت ضروری تدبیر ہے اور یہی وہ تدبیر تھی جو آنحضرت ﷺ نے قریش کے خلاف اختیار فرمائی۔ قریش کا مسلمانوں کا دشمن ہونا ایک ایسا امر ہے جس سے کوئی دشمن اسلام بھی انکار نہیں کر سکتا۔ انہوں نے تیرہ سال تک مسلمانوں کو مکہ میں طرح طرح کی تکلیفیں پہنچائیں اور اسلام کو مٹانے کے لئے سرتوڑ کوششیں کیں حتیٰ کہ مسلمان مکہ سے بھاگنے پر مجبور ہو گئے۔ مگر پھر بھی قریش کی آتش حسد فرو نہ ہوئی۔ انہوں نے پہلے بھاگنے والے مسلمانوں کا تعاقب کیا۔ ان کو مکہ میں واپس لانے کی کوشش کی۔ خود آنحضرت ﷺ کو قتل کرنے کا منصوبہ کیا اور آپ کی ہجرت کے بعد آپ کا تعاقب کیا۔ پھر ان کا سلسلہ عداوت مسلمانوں کے بھاگ جانے کے بعد بھی برابر جاری رہا اور کوئی شخص نہیں کہہ سکتا کہ مسلمانوں کے مکہ سے نکل جانے کے بعد وہ مسلمانوں کے دوست ہو گئے تھے۔ تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ وہ پہلے سے بھی زیادہ مسلمانوں کے خون کے پیاسے بن گئے۔

پس ایسے حالات میں ایک بہت بھاری حربہ جو آنحضرت ﷺ ان کو ان کی دشمنی سے روکنے اور صلح کی طرف مائل کرنے کے لئے استعمال کر سکتے تھے۔ تھا کہ آنحضرت ﷺ ان قافلوں کی جو مدینہ کے پاس سے گزرتے تھے روک تھام کریں تا وہ اپنی عداوت سے باز آنے پر مجبور ہو جائیں اور صلح و آشتی کا طریق اختیار کریں۔

غرض یہ ایک بھاری حربہ تھا جو جنگ کو روکنے کے لئے استعمال کیا گیا اور اس طریق کا استعمال نہ کرنا اور اس طرح دشمن کے ہاتھ کو روکنے کی کوشش نہ کرنا خود مسلمانوں سے دشمنی تھی۔

اگر آج جہاز نہ ہوتے اور رسول اللہ ﷺ کے زمانہ کی طرح بجائے جہازوں کے قافلے تجارتی مال یا سامان جنگ لے کر چلا کرتے۔ تو کیا ایسے قافلوں کو اسی طرح نہ روکا جاتا۔ جس طرح آج کل جہاز روکے جاتے ہیں اور کیا ایسے قافلوں کو روکنے والے انگریز یا جرمن ڈاکو اور لٹیرے کہلاتے؟ ہرگز نہیں بلکہ ان کے اس فعل کو ایک ضروری تدبیر سمجھا جاتا تا کہ دشمن عداوت سے باز آ کر صلح و آشتی کا طریق اختیار کرنے پر مجبور ہو۔

پس اگر آج دشمن کے تجارتی جہازوں کو غارت کرنا یا ان کا مال اپنے قبضہ میں کر لینا ڈاکہ اور قزاقی نہیں سمجھا جاتا تو کیا وجہ ہے کہ ایسی ہی تدبیر اختیار کرنے کی وجہ سے یہ لوگ آنحضرت ﷺ کا نام بے ادبی سے لیتے ہیں۔

یہ امر کہ قافلوں کی روک تھام دشمنوں کو صلح پر مجبور کرنے کے لئے ایک نہایت ہی مؤثر تدبیر ہے۔ ایک تاریخی واقعہ سے بھی خوب واضح ہو جاتا ہے۔ صلح حدیبیہ کے موقعہ پر کفار مکہ نے آنحضرت ﷺ کے ساتھ یہ شرط کی تھی کہ اگر تمہارا آدمی بھاگ کر ہمارے پاس آ جائے تو ہم اس کو واپس نہیں کریں گے۔ لیکن اگر کوئی شخص ہم میں سے بھاگ کر آپ کے پاس جا کر پناہ لینا چاہے تو آپ اس کو واپس کر دیں گے۔ اس صلح کے بعد مسلمان نوجوانوں میں سے ایک جس کا نام ابوبصیر تھا اور جو بہت سے مسلمان نوجوانوں کی طرح قریش کے ہاتھوں میں مقید تھا کسی طرح موقعہ پا کر مدینہ کی طرف بھاگ آیا۔ قریش مکہ میں سے دو شخص اس کے تعاقب میں آئے۔ جب وہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ تو آپ نے معاہدہ کے مطابق اسے اپنے پاس رکھنے سے انکار فرما دیا اور ان دو آدمیوں کے حوالے کر دیا جو اس کے تعاقب میں مدینہ پہنچے تھے مگر مکہ واپس جاتے ہوئے اس نے رستہ میں ایک تدبیر سے اپنے دشمنوں سے مخلصی حاصل کر لی اور مدینہ پہنچ کر آنحضرت ﷺ سے عرض کیا کہ حضور تو اپنے معاہدہ پر عمل کر چکنے اور ایک دفعہ آپ نے مجھے دشمن کے حوالے کر دیا۔ اب آپ پر کوئی پابندی نہیں رہی۔ اب مجھے مدینہ میں ٹھہرنے کی اجازت دے دیں۔ لیکن آنحضرت ﷺ نے پھر بھی اس کو مدینہ میں رہنے کی اجازت نہ دی۔ اب وہ نہ مکہ واپس جا سکتا تھا اور نہ مدینہ میں رہ سکتا تھا۔ اس لئے وہ مجبوراً ایک تیسری جگہ بھاگ کر چلا گیا۔ اس واقعہ کے بعد بعض اور نوجوان بھی جو مکہ میں قید تھے بھاگ کر اس کے پاس جا پہنچے تب اس نے قریش کے ظلم سے اپنے آپ کو محفوظ کرنے کے لئے اور انہیں اس بات پر مجبور کرنے کے لئے کہ اسے آنحضرت ﷺ کے پاس رہنے کی اجازت دے دیں۔ یہ طریق اختیار کیا کہ جو چھوٹے چھوٹے قافلے صلح حدیبیہ کے بعد بڑے امن سے شام کی طرف آیا جایا کرتے تھے۔ ان کی اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر اس نے روک تھام شروع کر دی اور اس طریق سے اس کا مقصد حاصل ہو گیا۔ کیونکہ اس کے اس طریق کو دیکھ کر قریش خود آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ آپ ہم پر رحم کریں اور ابوبصیر کو اپنے پاس بلا لیں۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ نے ان کی اس درخواست کو منظور فرما لیا اور ابوبصیر کو اجازت دے دی کہ وہ مدینہ میں آ جائے۔

اس واقعہ سے ناظرین اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ان قافلوں کی روک تھام قریش مکہ کو صلح پر مجبور کرنے کے لئے ایک نہایت مؤثر تدبیر تھی اور اسی غرض سے آنحضرت ﷺ نے اس تدبیر کو اختیار فرمایا۔ ایسے حالات میں ایک سمجھدار جرنیل کا فرض اولین تھا کہ اس تدبیر کو کام میں لاتا ورنہ دشمن جنگ کو لمبا کر دیتا اور کبھی اس طرح صلح کے لئے تیار نہ ہوتا۔ جیسا کہ حدیبیہ کے وقت قریش صلح کے لئے تیار ہو گئے ان قافلوں کی روک تھام ایک اور وجہ سے بھی ضروری تھی اور وہ یہ کہ قریش مکہ ان اموال سے جو وہ اس تجارت کے ذریعہ حاصل کرتے تھے سامان جنگ مہیا کر کے اسے مسلمانوں کے خلاف استعمال کرتے تھے۔ چنانچہ ابوسفیان کا قافلہ جس کے روکنے کے لئے کہا جاتا ہے کہ آنحضرت ﷺ مدینہ سے نکلے۔ جب صحیح وسلامت بچ کر مکہ میں پہنچا تو اس کا تمام سامان محفوظ رکھا گیا اور اس کے ذریعہ احد کی لڑائی کے لئے تیاری کی گئی۔

پس دشمن کے شر سے بچنے اور اس کی طاقت کو توڑنے اور اس کو صلح کی طرف مائل کرنے کے لئے یہ ضروری تھا کہ ان قافلوں کی روک تھام کی جائے اور وہ شخص نہایت ظالم ہے جو ان واقعات سے جان بوجھ کر اپنی آنکھ بند کر لیتا اور ان قافلوں کی روک تھام کی وجہ سے آنحضرت ﷺ کی گستاخی کرتا ہے۔

مسیحی مشنری اگر یہ اعتراض کرنے میں اپنے آپ کو حق پر سمجھتے ہیں تو وہ اپنی قوم کا نام دشمن کے تجارتی جہازوں کی روک تھام کی وجہ سے کیوں ڈاکو اور لٹیرا نہیں رکھتے؟

(الفضل 12 ستمبر 1940ء)

☆..................☆..................☆

حضرت میاں جان محمد صاحب کی نماز

’’حضرت میاں جان محمد صاحب کے بارے میں آپ کے نواسے بیان کرتے ہیں کہ مجھے اکثر آپ کے کمرے میں سونے کا موقع ملا۔ رات کو جتنی بار بھی بیدار ہوتے اٹھ کر وضو کر کے نفل شروع کر دیتے پھر سو جاتے۔ پھر جب بیدار ہوتے نفل پڑھتے رہتے۔ گھٹنوں میں تکلیف کے باوجود چل کر بیت الذکر جا کر نماز پڑھتے اور ہم سب کو نماز کے بارے میں بہت تلقین کرتے۔ بعض اوقات پنجابی اشعار پڑھ کر ہمیں نماز کی اہمیت کے بارے میں بتاتے۔

حضرت میاں صاحب کے پوتے بیان کرتے ہیں کہ جب آپ قریب المرگ تھے تو رات نماز کے بارے میں پوچھا کہ وقت ہو گیا ہے بتانے پر آپ نے تیمّم کیا اور نماز شروع کر دی لیکن پڑھتے پڑھتے بیہوش ہو گئے۔ اس طرح قریباً 10 یا 15 دفعہ پوچھا کہ نماز کا وقت ہو گیا ہے۔ پھر نماز شروع کرتے اور بیہوش ہو جاتے۔‘‘

(الفضل 28 ستمبر 1998ء)

محترم سید شمشاد احمد ناصر صاحب

توحید کے تقاضے اور ہماری ذمہ داریاں

تاریخ انسانی کے شروع سے لے کر اب تک ایک لاکھ چوبیس ہزار مرتبہ یہ گواہی ملتی چلی آ رہی ہے کہ تمام انبیاء کرام کا مشترکہ پیغام نوع انسانی کے لئے لا الٰہ الا اللہ ہی تھا۔ یہی پیغام انہوں نے دیا۔ اسی پیغام کی تبلیغ کی اسی پیغام کے لئے انہوں نے جانیں دیں اور اسی کے لئے وہ زندہ رہے اور اسی پیغام کے لئے مرے۔

اور ہم بجا طور پر یہ کہہ سکتے ہیں کہ تمام انبیاء کی اس پیغام کے لئے کوششیں ایک کامل انسان میں جمع ہو کر سب کے لئے مشعل راہ بن گئیں جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ......

اب دیکھنے اور سمجھنے والی بات یہ ہے کہ کیا صرف لا الٰہ الا اللہ کہہ دینے سے اور لا الٰہ الا اللہ کا پرچار کر لینے ہی سے نجات مل جائے گی؟

نہیں! بلکہ جب تک دل کی عزیمت سے اس فقرہ پر پورا پورا عمل نہ ہو کچھ نہ بنے گا۔ یہی وہ لائحہ عمل ہے جسے اپنے دل دماغ، جان اور جسم میں جذب کرنا ہے اور جب تک لا الٰہ الا اللہ کی تاثیر اس کے سارے بدن میں بجلی کی رو کی طرح جاری نہ رہے گی اس کی زندگی کا مقصد لا حاصل ہے۔

حضرت اقدس مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:

”یہ دولت لینے کے لائق ہے اگرچہ جان دینے سے ملے اور یہ لعل خریدنے کے لائق ہے اگرچہ تمام وجود کھونے سے حاصل ہو۔ اے محرومو! اس چشمہ کی طرف دوڑو کہ وہ تمہیں سیراب کرے گا یہ زندگی کا چشمہ ہے جو تمہیں بچائے گا میں کیا کروں کس طرح اس خوشخبری کو دلوں میں بٹھا دوں، کس دف سے میں بازاروں میں منادی کروں کہ تمہارا یہ خدا ہے تا لوگ سن لیں۔“ (کشتی نوح)

حضرت اقدس مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:۔

”اللہ کہتے ہیں معبود، مقصود، مطلوب کو۔ کہ...... یہی سچی توحید ہے کہ ہر مدح و ستائش کا مستحق اللہ تعالیٰ ہی کو ٹھہرایا جاوے۔

(روئیداد جلسہ دعا۔ صفحہ 26)

اس تعریف کی سچی اور کامل اور حقیقی تصویر ہمارے پیارے آقا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے کہ جب انہوں نے ہر ایک مومن کی ہر حرکت و سکون اور ہر قول و فعل کو خدا کی یاد کا خمیر دیا ہے حتیٰ کہ روزمرہ کے معمولی اٹھنے بیٹھنے، چلنے پھرنے، سونے جاگنے، کھانے پینے، نہانے دھونے، کپڑے بدلنے، جوتا پہننے، گھر سے باہر جانے، گھر کے اندر آنے، سفر پر جانے، سفر سے واپس آنے، کوئی چیز بیچنے، کوئی چیز خریدنے، بلندی پر چڑھنے، بلندی سے اترنے، خانہ خدا میں داخل ہونے، سے باہر آنے، دوست سے ملنے، دشمن کے سامنے ہونے، نیا چاند دیکھنے، بیوی کے پاس جانے غرض ہر کام کے شروع کرنے اور ختم کرنے، حتیٰ کہ چھینک اور اباسی تک لینے کو کسی نہ کسی طرح خدا کے ذکر کے ساتھ وابستہ کر دیا ہے۔ اس حالت میں اگر مشرکین عرب یہ کہتے ہوں کہ ”عشق محمد ربہ“ کہ محمد کو خدا کا جنون ہو گیا ہے تو کوئی تعجب کی بات نہیں۔

(سیرت خاتم النبیین از مرزا بشیر احمد صاحب صفحہ 338)

اور اس طرح آپ اس قرآنی آیت کے مصداق بن گئے کہ...... اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک محتاط اندازے کے مطابق اپنی امت کو مندرجہ بالا معاملات میں 203 سے زائد دعائیں سکھا کر ان کا محور اور مرکز اور ہر چیز کی طاقت کا منبع اور سرچشمہ خدا تعالیٰ کی ذات کر دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ میں اپنی وحدانیت کو دلوں میں جگہ دینے کے لئے اور دلوں سے بتوں کو پاش پاش کر دینے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام صادق کو بھیجا تا وہ خدا تعالیٰ کی عظمت اور اس کی وحدانیت کو دوبارہ دلوں میں قائم کر دے۔ قبل اس کے کہ میں اپنے اس مضمون کو آگے بڑھاؤں آپ کی خدمت میں ایک واقعہ سناتا ہوں۔ اگرچہ وہ ایک کشف ہے اور بھوپال کے لوگوں سے ہی تعلق رکھتا ہے مگر یہ حقیقت کہ اس وقت دنیا میں خدا تعالیٰ کے وجود کے متعلق جو تصور پایا جاتا ہے وہ بعینہٖ یہی ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول اپنے ایک استاد کا جو بھوپال کے رہنے والے تھے واقعہ سنایا کرتے تھے آپ فرماتے ہیں انہوں نے ایک دفعہ رؤیا میں دیکھا کہ بھوپال کے باہر ایک پل ہے وہاں ایک کوڑھی پڑا ہوا ہے جو کوڑھی ہونے کے علاوہ آنکھوں سے اندھا ہے، ناک اس کا کٹا ہوا ہے، انگلیاں اس کی جھڑ چکی ہیں اور تمام جسم میں پیپ پڑی ہوئی ہے اور مکھیاں اس پر بھنبھنا رہی ہیں، وہ کہتے ہیں مجھے اسے دیکھ کر سخت کراہت آئی اور میں نے پوچھا بابا تو کون ہے؟ وہ کہنے لگا میں اللہ میاں ہوں یہ جواب سن کر مجھ پر سخت دہشت طاری ہوئی اور میں نے کہا تم اللہ میاں ہو۔ آج تک تو سارے انبیاء دنیا میں یہی کہتے چلے آئے کہ اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ خوبصورت ہے اور اس سے بڑھ کر اور کوئی حسین نہیں، ہم جو اللہ تعالیٰ سے عشق و محبت کرتے ہیں تو کیا اسی شکل پر؟ اس نے کہا انبیاء جو کہتے آئے وہ ٹھیک اور درست ہے، میں اصل اللہ میاں نہیں، میں بھوپال کے لوگوں کا اللہ میاں ہوں۔ یعنی بھوپال کے لوگوں کی نظروں میں ایسا ہی سمجھا جاتا ہوں۔“ (خطبات محمود جلد 17 صفحہ 456)

ہمارے پیارے اور موجودہ امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے یہی واقعہ سنا کر اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 31 جنوری 2014ء میں فرمایا:

”یہاں تو جوانوں کو یہ بھی سمجھا دوں کہ اس سے یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ بس لوگ ایسے ہو گئے تو خدا نے یہ شکل اختیار کر لی اور معاملہ ختم۔ اصل میں تو یہ شکل ان لوگوں کی اپنی ہے جنہوں نے خدا کو چھوڑا۔ جس طرح آئینہ میں اپنی تصویر نظر آتی ہے۔ اصل چیز یہی ہے اپنی شکل نظر آ رہی ہوتی ہے۔ یہ شکل جو اس نے خواب میں دیکھی، وہ ان لوگوں کا آئینہ تھا۔ وہ روحانی لحاظ سے کوڑھی ہو گئے اور ایسے لوگ پھر اپنے انجام کو بھی پہنچتے ہیں۔ نعوذ باللہ...... اللہ تعالیٰ کو ایسا سمجھنے والوں کو خدا تعالیٰ بعض دفعہ اس دنیا میں بھی سزا دیتا ہے۔ خدا تعالیٰ ایک طرف ہو کے بیٹھ نہیں جاتا بلکہ اس دنیا میں بھی سزا دیتا ہے۔ بلکہ متعدد جگہ اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں کا انجام یہی بتایا ہے کہ وہ جہنم میں جانے والے ہیں جو خدا کو بھول جائیں۔ پس اس مثال سے کوئی یہ نہ سمجھ لے کر خدا کو چھوڑ دیا یا بے طاقت تصور کر لیا تو بات ختم ہو گئی، کچھ نہیں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ بدلہ لینے والا بھی ہے، سزا دینے والا بھی ہے اور اس کا غضب جب بھڑکتا ہے تو پھر کوئی بھی اس کے غضب کے سامنے ٹھہر نہیں سکتا۔ پس اس لحاظ سے یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے کہ خدا کو بھول گئے اور قصہ ختم ہو گیا۔“

(ہفت روزہ الفضل انٹرنیشنل 21 فروری 2014ء)

اسی کی طرف حضرت مسیح موعودؑ اپنی جماعت کو انتباہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”اللہ تعالیٰ رحیم و کریم ہے ویسا ہی قہار اور منتقم بھی ہے۔ ایک جماعت کو دیکھتا ہے کہ ان کا دعویٰ اور لاف و گزاف تو بہت کچھ ہے اور ان کی عملی حالت ایسی نہیں، تو اس کا غیظ و غضب بڑھ جاتا ہے۔ پھر ایسی جماعت کی سزا دہی کے لئے وہ کفار کو ہی تجویز کرتا ہے۔ جو لوگ تاریخ سے واقف ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ کئی دفعہ (مومن) کافروں سے تہ تیغ کئے گئے۔ جیسے چنگیز خاں اور ہلاکو خاں نے مسلمانوں کو تباہ کیا۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے (مومنوں) سے حمایت اور نصرت کا وعدہ کیا ہے، لیکن پھر بھی (مومن) مغلوب ہوئے۔ اس قسم کے واقعات بسا اوقات پیش آئے۔ اس کا باعث یہی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ دیکھتا ہے کہ لا الٰہ الا اللہ تو پکارتی ہے لیکن اس کا دل اور طرف ہے اور اپنے افعال سے وہ بالکل رو بدنیا ہے تو پھر اس کا قہر اپنا رنگ دکھاتا ہے۔“

(ڈائری حضرت مسیح موعود 25 دسمبر 1897ء)

پس لا الٰہ الا اللہ زبان سے کہہ دینا بہت آسان ہے مگر اس پر حقیقتاً عمل کرنا بہت مشکل نظر آتا ہے۔ وہ لوگ جنہیں لا الٰہ الا اللہ اور خدا تعالیٰ کی وحدانیت کی چاشنی پڑ گئی تھی انہوں نے اس کیلئے بے انتہاء قربانیاں بھی دی ہیں۔ 1400 سال پہلے کی تاریخ پر جب نظر دوڑائیں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خود اور آپ کے صحابہ نے لا الٰہ الا اللہ کے لئے جو قربانیاں دیں ان کی نظیر آپ کو کہیں اور نہ ملے گی۔

حضرت بلالؓ مکہ کے ایک رئیس امیہ بن خلف کے غلام تھے۔ جب آپ نے اسلام قبول کیا تو اس نے بلالؓ کے لئے طرح طرح کے عذاب ایجاد کئے، وہ آپ کی گردن میں رسی باندھ کر شریر لڑکوں کے ہاتھ میں تھما دیتا تھا وہ ان کو مکہ کی پہاڑیوں میں گھسیٹتے پھرتے، جلتی ریت پر اوندھا لٹا دیتے۔ پھر آپ پر پتھر برساتے خود امیہ بھی یہی سلوک کرتا اور آپ کے سینہ پر بھاری پتھر رکھ کر کہتا کہ لات وعزیٰ کا اقرار کرو ورنہ اسی طرح پڑے رہو گے مگر اس کے جواب میں شیدائے حق حضرت بلالؓ کی زبان سے صرف اور صرف احد احد کی آواز ہی نکلتی تھی۔

حضرت بلالؓ اور آپ جیسے بیسیوں صحابہ کرام تھے جنہیں یہ تکالیف پہنچ رہی تھیں مگر انہوں نے اس حلاوت ایمان کو قائم رکھا۔

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین باتیں ہیں جس میں وہ ہوں وہ ایمان کی حلاوت اور مٹھاس کو محسوس کرے گا اول یہ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول باقی تمام چیزوں سے اسے زیادہ محبوب ہو۔ دوسرے یہ کہ وہ صرف اللہ تعالیٰ کی خاطر کسی سے محبت کرے اور تیسرے یہ کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مدد سے کفر سے نکل آنے کے بعد پھر کفر میں لوٹ جانے کو اتنا ناپسند کرے جتنا کہ وہ آگ میں ڈالے جانے کو ناپسند کرتا ہے۔“

(بخاری کتاب الایمان باب حلاوۃ الایمان)

حضرت بلالؓ جن کا واقعہ بتایا گیا ہے یقیناً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس مبارک قول کی زندہ تصویر تھے۔

کہتے ہیں کہ حضرت علیؓ کے پاس ایک یہودی آیا اور کہا میں نے سنا ہے کہ آپ مسلمان جب عبادت کرتے ہیں تو برے برے خیالات آتے ہیں لیکن جب ہم عبادت کرتے ہیں تو ہمیں نہیں آتے۔ اس پر حضرت علیؓ نے فرمایا:

اگر ایک گھر فقیر کا ہو اور ایک گھر امیر کا ہو تو چور کہاں جائے گا؟ یہودی نے کہا امیر کے گھر۔ حضرت علی نے فرمایا تبھی تو شیطان ان کو ستاتا ہے جن کے دل میں اللہ ہو۔ جن کے دل میں اللہ نہیں ہوتا وہاں شیطان کا کیا کام؟

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

”ہماری جماعت کے (مربی) اور واعظ جب بھی موقع ملے خدا تعالیٰ کی محبت اور اس کی عظمت دلوں میں قائم کریں اور یہ آگ اس طرح ہر دل میں لگی ہوئی ہو کہ تمہیں بھی اور تمہارے گرد و پیش رہنے والوں کو بھی جلاتی رہے۔ یہی نقطہ مرکزی ہے ہر مذہب کا اور یہی نقطہ مرکزی ہے خدا تعالیٰ سے آنے والے سب دینوں کا۔ جس دین میں خدا تعالیٰ کی محبت نہیں وہ دین مردہ ہے۔ جس دل میں خدا تعالیٰ کی محبت نہیں وہ دل مردہ ہے اور جس قوم میں خدا تعالیٰ کی محبت نہیں وہ قوم مردہ ہے۔ نہ وہ مذہب کسی کو نجات دلا سکتا ہے جس میں خدا تعالیٰ کی محبت نہیں اور نہ وہ دل نجات پا سکتا ہے جس میں

خدا تعالیٰ کی محبت نہیں اور نہ وہ قوم دنیا میں کوئی کام کرسکتی ہے جس قوم میں خدا تعالیٰ کی محبت نہ ہو۔ پس خدا تعالیٰ کی محبت دلوں میں پیدا کرو، اس جذبہ کو قومی جذبہ بناؤ پھر سب کمزوریاں خود بخود دور ہو جائیں گی۔ وہ انسان بھی کیا انسان ہے جو صبح اٹھتا اور اپنے دنیوی کام کاج میں لگ جاتا اور جب رات ہوتی ہے سو جاتا ہے اور دن رات میں ایک منٹ کے لئے بھی خدا تعالیٰ کی محبت کی چنگاری اس کے دل میں نہیں سلگتی۔ ...... میں احمدیوں سے کہتا ہوں کہ تمہارا قومی جذبہ خدا تعالیٰ کی محبت ہونا چاہئے اور تمہارے اندر سے خدا تعالیٰ کی محبت کی ایسی چنگاریاں نکل رہی ہوں کہ تمہارے گردو پیش رہنے والے بھی اس آگ سے جلنے لگیں۔ یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ آگ جلے اور اس میں سے چنگاریاں نہ نکلیں۔ اس لئے جب تم اس آگ کو روشن کرو گے تو وہ تمہارے گردو پیش رہنے والوں کو بھی ضرور جلائے گی۔ جب تم خدا تعالیٰ کی محبت کو قومی جذبہ بنالو گے تو تمہارے اردگرد ایسی دیوار قائم ہو جائے گی کہ جسے توڑ کر شیطان اندر نہ آسکے گا اور کوئی ہلاک کرسکنے والی بلا اندر نہ آسکے گی اور یہ ایسا پاک مقام ہوگا کہ خدا تعالیٰ اس سے جدا رہنا بھی پسند نہیں کرے گا۔ دنیا کو دیکھو اور دنیاداروں کے جذبات کو دیکھو اور ان جذبات کے لئے جو وہ قربانیاں کر رہے ہیں ان کو دیکھو اور ان سے سبق حاصل کرو۔ ان کے جذبات بالکل ادنیٰ اور معمولی ہیں لیکن تمہارا خدا جو تمہارا معشوق ہونا چاہئے، حسین ترین وجود ہے۔ پس اس سے تمہاری محبت بہت زیادہ ہونی چاہئے اور اس محبت میں بہت زیادہ جوش اور بہت زیادہ گرمی ہونی چاہئے۔ ایسی گرمی اور ایسا جوش کہ اس کی مثال دنیا کی اور محبتوں میں نہ پائی جاتی ہو۔"

(الفضل 7 فروری 1942ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے 1910ء کے جلسہ سالانہ میں فرمایا:۔

"یاد رکھو کہ جو شخص لا الٰہ الا اللہ کا دعویٰ کرے اور بایں نماز کا تارک ہو اور قرآن کریم کی اتباع میں سستی کرے وہ اپنے اس لا الٰہ الا اللہ کے دعویٰ میں سچا نہیں۔"

(مرقات الیقین فی حیات نورالدین صفحہ 60-59)

آپ نے مزید فرمایا:۔

"باہم محبت کو بڑھاؤ اور بغضوں کو دور کرو اور محبت بڑھ نہیں سکتی جب تک کسی قدر صبر سے کام نہ لو اور صبر کرنے والے کے ساتھ آپ خدا تعالیٰ ہوتا ہے اس واسطے صبر کرنے والے کو کوئی ذلت اور تکلیف نہیں پہنچ سکتی۔"

(مرقات الیقین صفحہ 66-65)

جماعت احمدیہ کے ایک بہت مشہور اور پرانے بزرگ محترم مولانا محمد صادق صاحب سماٹری کا واقفِ زندگی و مربی سلسلہ کے تعلق باللہ کا ایک واقعہ سناتا ہوں جو انہوں نے جامعہ احمدیہ ربوہ کے ساتھ عشائیہ کے دوران طلباء کو بتایا۔

آپ سماٹرا میں تھے اور اخراجات کے لئے رقم ختم ہوگئی۔ یہاں تک کہ کھانا کھانے کے لئے بھی رقم نہ تھی اور آپ کسی کے آگے ہاتھ بھی پھیلانا نہ چاہتے تھے نہ ہی کسی سے قرض لینے کی خواہش ہوتی۔ چنانچہ اسی حالت میں ایک دن فاقہ سے گزر گیا۔ اگلے دن بھی یہی کیفیت رہی کہ سخت بھوک مگر پیسے نہیں تھے آپ نے کسی سے بھی ادھار مانگنا یا کسی کو بتانا تک بھی گوارا نہ کیا۔ چنانچہ فاقہ پر اب تیسرا دن ہو چکا تھا۔ جب فاقہ کی وجہ سے بہت زیادہ کمزوری اور نقاہت ہوئی آپ نے سمجھا کہ شاید اب یہ میرا آخری وقت ہے تو خدا تعالیٰ کے آگے یوں دعا کی کہ

اے مرے مولیٰ کریم مجھے موت سے تو ڈر نہیں لیکن اگر میں بھوک کی وجہ سے مرگیا تو دنیا کہے گی کہ خدا کے مسیح کا منادی کرنے والا بھوک سے مرگیا تھا۔ پس یہ دعا ابھی ختم ہی ہوئی تھی کہ کسی نے باہر دروازہ کھٹکھٹایا تو کیا دیکھتے ہیں کہ ڈاکیا منی آرڈر لے کر آیا ہوا ہے جو کہ قادیان سے آپ کے نام آیا تھا۔

پس جو خدا تعالیٰ سے تعلق رکھتے ہیں، خدا تعالیٰ سے ہر حالت میں وفا دکھاتے ہیں پھر خدا تعالیٰ بھی ان کے لئے عجیب در عجیب کام دکھاتا ہے۔

ایک اور بزرگ کا تعلق باللہ کا واقعہ پیش ہے۔

چک 91/10R ضلع خانیوال میں صوفی عبداللہ صاحب رہا کرتے تھے۔ زمینداره ان کا پیشہ تھا۔ ایک سال ان کی گندم کی فصل تھوڑی ہوئی۔ کھلیان میں گندم تولی گئی تو دیکھا کہ گندم تو تھوڑی ہے۔ میرے گھر کی ضروریات کو مکتفی نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے ساری کی ساری گندم گھر لے جانے کی بجائے وہیں کھلیان میں بیٹھے بیٹھے مستحقین میں تقسیم کر دی۔ گھر آ گئے۔ بیگم نے پوچھا گندم نہیں لائے۔ تو جواب دیا کہ گندم تو تھوڑی ہوئی تھی وہ گھر کی ضروریات کو پورا نہیں کرسکتی تھی تو میں نے کہا اسے گھر لے جانے کا فائدہ کیا؟ میں نے وہیں پہ راہ خدا میں لٹا دی۔ دو تین دن گزرے۔ ایک شخص دس پندرہ گدھوں پہ گندم کی بوریاں لادے آیا اور کہنے لگا صوفی صاحب آپ نے گندم لینی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہاں۔ میری حویلی میں انہیں الٹا دو۔ وہ تو گدھے لے کر ان کی حویلی میں گندم کی بوریاں الٹانے لگ پڑا اور وہ گندم کے پیسے لینے کے لئے اپنے گھر چلے گئے۔ جب پیسے لے کر گھر سے واپس آئے نہ گدھے تھے نہ گدھوں والا۔ اس سے پوچھ، اُس سے پوچھ، بھئی گدھوں والا کہاں گیا۔ کوئی مانا ہی نہیں کہ ہم نے کوئی گدھے والا آتا دیکھا یا جاتا دیکھا۔

اس واقعہ میں ان لوگوں کے لئے سبق ہے جو خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے میں بخل سے کام لیتے ہیں جو خدا کی راہ میں خرچ کرتا ہے ممکن ہی نہیں کہ خدا اس کے مال میں کمی کر دے یا اسے بھوکا مار دے۔

حضرت مفتی محمد صادق صاحب کو انگلستان میں دعوت الی اللہ کے لئے بھیجا گیا۔ سمندر میں طوفان آ گیا۔ بحری جہاز ہچکولے کھانے لگا۔ اس کے سبب انہیں قَے کی اور متلی کی شدید تکلیف ہوئی۔ وہ کمرے سے باہر نکلے۔ جہاز کے عرشے پہ آئے اور سمندر کو مخاطب ہو کے فرمانے لگے۔ اے سمندر! تجھے خبر نہیں کہ اس جہاز میں کون سوار ہے۔ اس جہاز میں مسیح موعود کا حواری سوار ہے جو دعوت الی اللہ کیلئے سفر پہ لگا ہوا ہے۔ تھم جا۔ پرسکون ہو جا۔ تُو طوفان برپا کر کے مجھے تکلیف دے رہا ہے۔ ان کا یہ کہنا تھا کہ خدا تعالیٰ نے فوراً سمندر کو حکم دیا۔ سمندر کا طوفان تھم گیا اور مفتی صاحب بیان کرتے ہیں کہ بحری جہاز یوں چل رہا تھا جیسے ہم خشکی پہ ہوں۔

حضرت مفتی صاحب ہندوستان سے انگلستان آ رہے تھے۔ بحیرہ روم میں بحری جہاز پہنچا تو جہاز کے کپتان نے تمام مسافر جمع کئے اور ان کے سامنے تقریر کی کہ دیکھو عالمی جنگ جاری ہے۔ آگے سمندر جرمن آبدوزوں سے بھرا پڑا ہے۔ اس لئے اگر کسی جرمن آبدوز نے ہمارے جہاز پہ حملہ کر دیا اور جہاز کے ڈوبنے کا خطرہ پیدا ہوا تو ایک سیٹی بجائی جائے گی۔ اس نے سارے مسافروں کو سیٹی بجا کر سنائی اور کہا کہ اس سیٹی کے بجنے کا ترجمہ یہ ہو گا کہ بحری جہاز پر آبدوز نے حملہ کر دیا ہے اور جہاز ڈوب رہا ہے۔ اس لئے یہ کناروں کے ساتھ کشتیاں لگی ہوئی ہیں۔ ایک ایک کشتی پکڑنا اس میں سوار ہو جانا۔ پھر آپ جانیں اور آپ کا مقدر۔ یہ کشتی آپ کو جہاں لے جائے وہ آپ کا مقدر۔ جہاز کے کپتان کی حیثیت سے مَیں اس سے زیادہ کچھ نہیں کرسکتا۔ تمام مسافر سراسیمہ ہوئے۔ سب کو موت اپنے سامنے رقص کرتی دکھائی دے رہی تھی۔ مفتی صاحب بھی یہ اعلان سن کر اپنے کیبن میں چلے گئے۔ اللہ کی بارگاہ میں دعاؤں میں لگ گئے۔ دعاؤں کے دوران غنودگی کی کیفیت طاری ہوئی۔ فرشتے نے مخاطب کر کے کہا۔ "صادق! یقین کرو یہ جہاز صحیح سلامت پہنچے گا۔"

کھرپڑ ضلع قصور میں حضرت مولوی اسحاق صاحب رہتے تھے۔ تنگدستی کی کیفیت تھی۔ ایک دن ایک بیٹی ملنے آ گئی۔ چند دن کے بعد دوسری بیٹی ملنے آ گئی۔ چند دن کے بعد تیسری بیٹی ملنے آ گئی۔ دو چار دن گزرے تینوں بیٹیوں کے خاوند اپنی اپنی بیویوں کو لینے کے لئے ایک ہی دن آ گئے۔ رات کو مہمانوں نے کھانا کھایا۔ گھر کے افراد تو سو گئے مگر مولوی صاحب کو نیند نہیں آ رہی تھی۔ انہیں یہ بے چینی کھائے جا رہی تھی میری جیب خالی ہے۔ صبح تینوں بیٹیوں نے اپنے اپنے خاوندوں کے ساتھ اپنے سسرال کو روانہ ہونا ہے۔ میں کیا دے کے انہیں گھر سے روانہ کروں گا۔ اسی پریشانی کے عالم میں وضو کیا۔ اندر کوٹھڑی میں چلے گئے۔ اللہ کی بارگاہ میں جھک گئے۔ دعاؤں میں مگن ہو گئے۔ جب انہیں گریہ و زاری کرتے ہوئے یہ اطمینان نصیب ہو گیا کہ میری دعا بارگاہ الوہیت میں شرف قبول پا گئی ہے۔ اٹھے جائے نماز اٹھایا۔ جائے نماز کے نیچے دس دس روپے کے تین نوٹ پڑے تھے۔ ان کو پکڑا، لپیٹا، جیب میں ڈالا اور جا کے سو گئے۔

اس کوٹھڑی میں کیا اس جائے نماز کے نیچے نوٹ بنانے کی مشین لگی تھی؟ نہیں۔ وہاں کوئی مشین نہیں تھی مگر یہ کُن فَیَکُوْنُ کے مالک خدا کا معجزہ تھا اُس کی اس انسان کے ساتھ دوستی تھی۔

یہ لا الٰہ الا اللہ کہنے اور اس کو حرز جان بنانے کی برکات ہیں اور اس کے ثبوت میں حضرت مسیح موعود اپنی جماعت کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"اگر تم خدا کے ہو جاؤ گے تو یقیناً سمجھو کہ خدا تمہارا ہی ہے تم سوئے ہوئے ہو گے اور خدا تعالیٰ تمہارے لئے جاگے گا۔ تم دشمن سے غافل ہو گے اور خدا اسے دیکھے گا...... تم ابھی تک نہیں جانتے کہ تمہارے خدا میں کیا کیا قدرتیں ہیں...... خدا ایک پیارا خزانہ ہے اس کی قدر کرو کہ وہ تمہارے ہر ایک قدم میں تمہارا مددگار ہے۔" (کشتی نوح صفحہ 22)

بخاری کتاب الادب میں روایت آتی ہے کہ ایک بدوی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی اے اللہ کے رسول قیامت کب آئے گی۔ آپ نے اس سے پوچھا کہ تم نے اس کے لئے تیاری کیا کی ہے؟ اس بدوی نے عرض کی یا رسول اللہ میں نے نماز روزے اور صدقات کے ذریعہ تو کوئی خاص تیار نہیں کی البتہ میں اللہ اور رسول کے ساتھ محبت کرتا ہوں یا محبت رکھتا ہوں۔

تو آپؐ نے فرمایا۔ "تو پھر تمہیں ان کا ساتھ نصیب ہوگا جن سے تم محبت رکھتے ہو۔"

پس خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو خدا سے زندہ تعلق رکھتے اور اس سے محبت رکھتے ہیں۔

12 جون 2015 کے خطبہ جمعہ میں حضور انور نے بوسنیا سے تعلق رکھنے والے ایک دوست کے تاثرات بیان پڑھ کر سنائے جس میں انہوں نے کہا کہ: خلیفۃ المسیح نے ایک زندہ خدا کے بارے میں تصور پیش کیا۔ اس وقت صرف جماعت احمدیہ ایک ایسی جماعت ہے جو یہ دعویٰ کرتی ہے اور دکھاتی بھی ہے کہ خدا تعالیٰ آج بھی زندہ ہے۔"

(روزنامہ الفضل 28 جولائی 2015ء)

اسی طرح آپ نے 3 جولائی کے خطبہ میں احمدیوں کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا:

"لیکن اس کے باوجود ہم میں سے اکثر خدا تعالیٰ سے وہ تعلق پیدا نہیں کرتے جو پیدا کرنا چاہئے۔ ایسا تعلق جو ہر ایک دوسرے تعلق کو ہیچ کر دے...... اس کے لئے دلوں میں تقویٰ پیدا کرنا ضروری ہے۔"

(روزنامہ الفضل 18 راگست 2015ء صفحہ 4)

خدا تعالیٰ کی محبت دلوں میں پیدا کرنے کے لئے اور محبت کی اس انگاری کو اپنے دلوں میں اور دنیا کے دلوں میں پیدا کرنے کے لئے ہمارے پیارے ہادی کامل آنحضرت ﷺ نے ہمیں ایک دعا بھی سکھائی ہے جسے ہر احمدی کو مدنظر رکھ کر پڑھتے رہنا چاہئے۔

حضرت ابو درداءؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت

باقی صفحہ 6 پر

سینیگال (Republic of Senegal)

